لکھنؤ (پریس ریلیز) بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعر منظر بھوپالی نے انٹیگرل یونیورسٹی کے چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر اور پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر سمیت دیگر عہدے داران اور اراکین انتظامیہ سے ملاقات کی۔ اپنی اس تفصیلی ملاقات میں انہوں نے یونیورسٹی کے اعلیٰ عہدیداران کے ساتھ ملک میں اقلیتی خصوصاً مسلم اداروں میں موجودہ تعلیمی نظام اور اس کے حال اور مستقبل پر گفتگو کی۔ اس طویل گفتگو میں اس بات پر بھی غور و فکر کیا گیا کہ قوم وملت میں تعلیمی طور پر پسماندہ طبقے کو آگے لانے میں انٹیگرل یونیورسٹی جیسے اہم ادارے کس طرح کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس درمیان شعر وشاعری اور ادب کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ منظر بھوپالی نے اپنے مقبول عام اشعار کے مجموعے زمانے

کے لیے بھی پیش کی۔ یہ کتاب ہندی، اردو اور رومن میں ایک ساتھ شائع ہوئی ہے اور اپنے آپ میں مختلف نوعیت کی کتاب ہے۔ اس سے قبل انٹیگرل یونیورسٹی کے چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے شاعر منظر بھوپالی کا گرم جوشی استقبال کیا۔ انہوں نے کہا کہ منظر بھوپالی آج کے دور کے ایسے شاعر ہیں جن کی موجودگی مشاعروں کی کامیابی کی ضمانت ہے۔ ان کی شاعری میں باہمی اتحاد اور وطن پرستی جذبہ بھر سو دیکھنے کو ملتا ہے۔ شعر وشاعری کے ساتھ ساتھ منظر بھوپالی حالات حاضرہ پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ یہ ہمارے ادارے کی خوش بختی ہے کہ منظر بھوپالی جیسا مقبول شاعر ہمارے درمیان موجود ہے۔ آل انڈیا مسلم انٹیلیکچول سوسائٹی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر عمار انیس نگرامی کے ساتھ اپنے اس دورے میں معروف شاعر منظر بھوپالی نے عالمی سطح کی مہلک وبا کووڈ ۱۹ کے دوران انٹیگرل یونیورسٹی کے میڈیکل انتظامیہ کی شاندار کارکردگی کی ستائش کی اور مبارکباد بھی پیش کیا۔ انہوں نے انٹیگرل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسیز اینڈ ریسرچ کی جانب سے انٹیگرل ہاسپٹل کیمپس میں ۲۰ کلو لیٹر کی گنجائش کے آکسیجن پلانٹ کی تنصیب پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انٹیگرل یونیورسٹی کا یہ ایک بڑا اور اہم کارنامہ ہے جس کے لیے اس ادارے کا انتظامیہ مبارکباد کا مستحق ہے۔ اس دوران پراکٹر پروفیسر تحسین عثانی اور احمد اویس نگرامی سمیت دیگر اساتذہ بھی موجود رہے۔

Frequency: Daily

روزنامہ راشٹریہ سہارا

RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW

PAGE-4

منظر بھوپالی کی انٹیگرل یونیورسٹی کے بانیان سے ملاقات

لکھنؤ(پریس ریلیز) معروف شاعر منظر بھوپالی نے انٹیگرل یونیورسٹی کے چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر اور پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر سمیت دیگر عہدیداران و اراکین انتظامیہ سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں انہوں نے یونیورسٹی کے اعلیٰ عہدیداران کے ساتھ ملک میں اقلیتی خصوصاً مسلم اداروں میں موجودہ تعلیمی نظام اور اس کے حال اور مستقبل پر گفتگو کی۔ گفتگو میں اس بات پر بھی غور و فکر کیا گیا کہ قوم وملت میں تعلیمی طور پر پسماندہ طبقے کو آگے لانے میں انٹیگرل یونیورسٹی جیسے اہم ادارے کس طرح کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس درمیان شعر و شاعری اور ادب کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ منظر بھوپالی نے اپنے مقبول عام اشعار کے مجموعے 'زمانے کے لیے' بھی پیش کی۔ اس سے قبل انٹیگرل یونیورسٹی کے چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے منظر بھوپالی کا استقبال کیا۔ انہوں نے کہا کہ منظر بھوپالی آج کے دور کے ایسے شاعر ہیں جن کی موجودگی مشاعروں کی کامیابی کی ضمانت ہے۔ ان کی شاعری میں باہمی اتحاد اور وطن پرستی جذبہ ہر سو دیکھنے کو ملتا ہے۔ شعر و شاعری کے ساتھ ساتھ منظر بھوپالی حالات حاضرہ پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ آل انڈیا مسلم انٹلیکچول سوسائٹی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر عمار انیس نگرامی نے انٹیگرل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسیز اینڈ ریسرچ کی جانب سے انٹیگرل ہاسپٹل کیمپس میں 20 کلو لیٹر کی گنجائش کے آکسیجن پلانٹ کی تنصیب پر مسرت کا اظہار کیا۔ اس دوران ڈاکٹر پروفیسر تحسین عثمانی اور احمد اویس نگرامی سمیت دیگر اساتذہ بھی موجود رہے۔

انڈین مائنارٹیز فیڈریشن کے تحت ہوٹل میزبان انٹرنیشنل لاٹوش روڈ میں ایک شعری نشست منظر بھوپالی کی لکھنؤ آمد پر ہوئی۔ فیڈریشن کے صدر ڈاکٹر رئیس احمد خان کی قیادت میں ہوئی نشست میں منظر بھوپالی کے علاوہ حسن کاظمی، رضوان فاروقی، عرفان لکھنوی، حیدر علوی، رفعت شیدا صدیقی، رحمت لکھنوی وغیرہ نے کلام پیش کیا۔ نشست کی نظامت رحمت لکھنوی نے کی۔ اس موقع پر مراد آباد سے سابق ممبر اسمبلی صولت علی، محمد خالد، حاجی محمد کبیر، ڈاکٹر عمار نگرامی، احمد نگرامی، مشیر احمد، عبدالوحید قدوائی، ریاض احمد وغیرہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ ڈاکٹر رئیس احمد خاں نے مہمانوں کا استقبال و شکریہ ادا کیا۔

NEWS CLIPPING SERVICE
Central Library
Integral University Lucknow

August 13, 2021

PAGE MyCity-5

यूजी-पीजी व शोध पाठ्यक्रमों में प्रवेश के लिए हुई यूपीसीएटीईटी

कृषि विश्वविद्यालयों में दाखिले के लिए हुई प्रवेश परीक्षा, इंटीग्रल विवि में बने केंद्र

माई सिटी रिपोर्टर

लखनऊ। प्रदेश के कृषि विश्वविद्यालयों व कॉलेजों में यूजी, पीजी व शोध पाठ्यक्रमों में लिए उत्तर प्रदेश कंबाइंड एग्रीकल्चर एंड टेक्नोलॉजी एंट्रेंस टेस्ट (यूपीसीएटीईटी) का आयोजन किया गया।

दो दिवसीय प्रवेश परीक्षा का आयोजन सरदार बल्लभ भाई पटेल कृषि एवं प्रौद्योगिक विश्वविद्यालय मेरठ द्वारा किया गया है, जिसके लिए राजधानी में इंटीग्रल विश्वविद्यालय के विभिन्न परिसरों को केंद्र बनाया गया था। यूपीसीएटीइटी में विभिन्न विशेषज्ञता प्राप्त करने वाले पाठ्यक्रमों जैसे माइक्रोबायोलॉजी, प्लान प्रोटेशन, हार्टिकल्चर, फ्लोरीकल्चर, एग्रोफारेस्टी, फारेस्टी आदि पाठ्यक्रम शामिल हैं। प्रवेश परीक्षा को लेकर परिसर में कोविड प्रोटोकॉल की बेहतर व्यवस्था की गई थी। विद्यार्थियों को निर्धारित दूरी के साथ प्रवेश दिया गया। परिसर व परीक्षा केंद्र को सैनिटाइज किया गया है। विद्यार्थियों को मास्क भी दिया जा रहा है।

इंटीग्रल यूनिवर्सिटी में बृहस्पतिवार को यूपीसीएटीईटी की परीक्षा देते हुए छात्र।

एमकॉम में एक सीट पर 9 दावेदार

कॉमर्स विभाग द्वारा संचालित एमकॉम कोर्स में प्रवेश के लिए भी विद्यार्थियों ने काफी रुचि दिखाई है। विभाग की 180 सीटों के सापेक्ष पिछले साल जहां 1,110 आवेदन आए थे, वहीं इस साल 1,453 आवेदन हुए हैं। यानी एक सीट पर 9 विद्यार्थियों के बीच मुकाबला होगा।

NEWS CLIPPING SERVICE
Central Library
Integral University Lucknow

August 13, 2021

PAGE-9

انٹگرل یونیورسٹی میں شعبہ زراعت سے متعلق اہلیتی ٹیسٹ کا انعقاد

ڈھائی ہزار امیدواروں نے کی شرکت، ضروری سہولیات کا بندوبست

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی میں شعبہ زراعت سے متعلق دو روز ۱۲ و ۱۳ اگست کو اہلیتی ٹسٹ کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ کنٹرولر آف ایگزامینیشنس، انٹگرل یونیورسٹی، پروفیسر عبدالرحمان خان نے بتایا کہ حکومت اترپردیش کی جانب سے منعقدہ اس اہلیتی ٹسٹ میں تقریباً ڈھائی ہزار طلباء و طالبات شرکت کررہے ہیں۔ پہلے روز سترہ سو پچاس جبکہ دوسرے دن دو شفٹوں میں سات سو پچاس طلباء کی شرکت متوقع ہے۔ یہ ٹسٹ آف لائن کرایا جارہا ہے۔ انٹگرل یونیورسٹی نے ان طلباء کی سہولیات کے مدنظر ان کی آمد و رفت کے لئے ٹیڑھی پلیا سے اپنی بسوں کا خصوصی انتظام کیا تھا جس کی وجہ سے طلباء کو کافی راحت محسوس ہورہی ہے۔ انٹگرل یونیورسٹی کی جانب سے اعلی سطحی نظم ونسق اور ڈسپلن کا اہتمام کیا جارہا ہے اور ذمہ داران یونیورسٹی تمام احتیاطی تدابیر اپناتے ہوئے اس کے انعقاد کو انجام تک پہنچانے میں کامیاب کوشش میں مصروف ہیں۔ کورونا وائرس کے خطرہ کا احساس کرتے ہوئے حکومت کی طرف سے جاری کردہ تمام قوانین صحت کو بروے کار لایا جارہا ہے تاکہ طلباء بغیر کسی مشقت و ذہنی الجھن کے امتحانات میں شرکت کرسکیں۔ یہ اہلیتی ٹسٹ سردار بلبھ بھائی پٹیل یونیورسٹی برائے زراعتی تعلیم وٹکنالوجی۔ میرٹھ نے گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور ریسرچ اسکالرس کے طلباء کیلئے منعقد کرارہی ہے اور انٹگرل یونیورسٹی کو جہاں پہلے ہی سے فیکلٹی آف زراعت موجود ہے حکومت نے اس کو سنٹر بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یونیورسٹی کے اہم ذمہ داروں میں خاص طور سے پروفیسر سید وسیم اختر بانی و چانسلر انٹگرل یونیورسٹی، پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت۔ پرو چانسلر پروفیسر عقیل احمد اور کنٹرولر آف ایگزامینیشنس نے تمام طلباء کے لئے اچھے مستقبل کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

August 13, 2021

PAGE-2

انقلاب
CENTRAL LIBRARY INTEGRAL UNIVERSITY LKO.
THE INQUILAB

انٹیگرل یونیورسٹی میں منعقد ٹیسٹ میں ڈھائی ہزار امیدواروں کی شرکت

لکھنؤ (پریس ریلیز): انٹیگرل یونیورسٹی میں شعبہ زراعت سے متعلق دو روزہ ۱۲ر اگستکو اہلیتی ٹسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر عبدالرحمان خان نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے منعقدہ اس اہلیتی ٹیسٹ میں تقریباً ڈھائی ہزار طلباء و طالبات کیشرکت متوقع ہے۔ پہلے روز سترہ سو پچاس نے شرکت کی، جبکہ دوسرے دن ۱۳ راگست کو دو شفٹوں میں سات سو پچاس طلباء کی شرکت متوقع ہے۔ یہ ٹسٹ آف لائن کرایا جارہا ہے۔ انٹیگرل یونیورسٹی نے ان طلباء کی سہولیات کے مدنظر تیرحی پلیا سے بسوں کا خصوصی انتظام کیا تھا، جس کی وجہ سے طلباء کو کافی راحت ملی ہے۔

یونیورسٹی کی جانب سے کورونا وائرس کے مدنظر حکومت کی جاری کردہ تمام گائیڈ لائن کو بروئے کار لایا جارہا ہے تاکہ طلباء بغیر کسی مشقت و ذہنی الجھن کے امتحانات میں شرکت کرسکیں۔ یہ اہلیتی ٹیسٹ سردار ولبھ بھائی پٹیل یونیورسٹی برائے زراعتی تعلیم ٹکنالوجی میرٹھ نے گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور ریسرچ اسکالرس کے طلباء کیلئے منعقد کرارہی ہے اور انٹیگرل یونیورسٹی کو جہاں پہلے ہی سے فیکلٹی آف زراعت موجود ہے حکومت نے اس کو سینٹر بنایا ہے۔ یونیورسٹی کے اہم ذمہ داروں میں خاص طور سے پروفیسر سید ندیم اختر بانی و چانسلر انٹیگرل یونیورسٹی، پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت اور پرو چانسلر پروفیسر عقیل احمد نے طلباء کے لئے اچھے مستقبل کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

امتحان ہال میں جانے سے قبل ایڈمٹ کارڈ چیک کرتا ہوا اسٹاف۔

Frequency: Daily

the pioneer

PAGE-3

2,600 candidates appear for UPCATET-2021

Lucknow (PNS): Nearly 2,600 candidates appeared for UPCATET-2021 and expressed interest in the study of agriculture and technology. Integral University was the exam centre. UPCATET was conducted this year by Sardar Vallabhbhai Patel University of Agriculture and Technology, Meerut. UPCATET-2021 has been scheduled for two consecutive days — August 12 and 13. Around 750 candidates will be appearing for the exam on the second days. UPCATET is a state-level entrance exam that is conducted once a year. It is of three hours duration and the test mode is offline.

UPCATET is an entrance exam for undergraduates, postgraduates and PhD programmes. In the field of agriculture, students can pursue UG, PG and doctoral programmes. There are various specialisations famous among the students such as Microbiology, Plant Protection, Horticulture, Floriculture, Agro-Forestry, Forestry, etc.

राष्ट्रीय सहारा

PAGE-11

मेडिकल कॉलेजों के निर्माण कार्यों में तेजी लाएं

लखनऊ (एसएनबी)। प्रदेश के चिकित्सा शिक्षा मंत्री सुरेश कुमार खन्ना ने बृहस्पतिवार को यहां राम मनोहर लोहिया संस्थान के एकेडमिक ब्लाक में प्रदेश के मेडिकल कॉलेजों एवं संस्थानों के निर्माण कार्यो की समीक्षा की।



उन्होंने कार्यदायी संस्थाओं को मेडिकल कॉलेजों के निर्माण कार्यो को गुणवत्तापूर्ण ढंग से शीघ्रता के साथ पूर्ण करने के निर्देश दिये।

चिकित्सा शिक्षा मंत्री ने कहा कि अयोध्या, बहराइच, बस्ती, फिरोजाबाद, शाहजहांपुर मेडिकल कॉलेजों में बुनियादी सुविधाओं के साथ ऑक्सीजन प्लांट, गैस पाइपलाइनप, एसटीपी आदि के अवशेष कार्यों को तय समय में पूरा किया जाय। उन्होंने कार्यदायी संस्थाओं को निर्देश दिया कि फेज-3 के 14 मेडिकल कॉलेजों के कार्य में तेजी लाते हुए शीघ्रता से पूर्ण कराया जाय। श्री खन्ना ने चिकित्सा संस्थानों में किये जा रहे कार्यों की भी समीक्षा की। उन्होंने कहा कि एसजीपीजीआई, केजीएमयू, आरएमएम, कैंसर इंस्टीट्यूट में बन रहे गर्ल्स एवं नर्सेज हास्टल एवं इनका बाउण्ड्रीवॉल, फायर फाइटिंग के उच्चीकरण का कार्य एवं विभिन्न ब्लाकों का निर्माण आदि का कार्य तेजी से करते हुए निर्धारित समयावधि में पूरा कराऐ। बैठक में प्रमुख सचिव चिकित्सा शिक्षा आलोक कुमार एवं कार्यदायी संस्थाओं के प्रतिनिधि सहित अन्य अधिकारी एवं कर्मचारी उपस्थित रहे।

August 14, 2021

روزنامہ آگ — اخبار آپ کا
DAILY AAG LUCKNOW

PAGE-9

انٹگرل یونیورسٹی نے جشن آزادی پر رن فار انڈیا پروگرام کا انعقاد کیا

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی نے مادر وطن کی ۷۵ ویں جشن آزادی کو قومی جشن ''آزادی کا امرت مہوتسو'' کے ضمن میں پروگرام ''رن فار انڈیا: فٹ انڈیا فریڈم رن 2.0'' بڑے فخر و جوش کے ساتھ منایا۔ آج ۱۳ ر اگست کی شام سوا چار بجے یونیورسٹی نے اپنے وسیع و عریض میدان میں ''رن فار انڈیا: فٹ انڈیا فریڈم رن 2.0'' کی تقریب کا اہتمام کیا، اس دوڑ کا آغاز انٹگرل یونیورسٹی کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے جھنڈا لہرا کر کیا جس میں پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر جاوید مسرت، نیز جملہ ڈینز، ڈائریکٹرز، اور اساتذہ و طلبہ کے ساتھ اراکین و عملہ نے پورے جوش و خروش کے ساتھ اس دوڑ میں شرکت کی اور مادر وطن سے محبت و یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس پرمسرت موقع پر طلبا مختلف قسم کے پروگرام کا انعقاد کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ۱۴ ر اگست ۲۰۲۱ کو قومی سطح کے کوئز وزارت برائے سیاحت اور ایسوسی ایشن آف انڈین یونیورسٹیز مشترکہ طور پر منعقد کر رہے ہیں نیز مختلف قسم کے پروگرام کا انعقاد اس جشن آزادی کے موقع پر کیے جانے کا منصوبہ ہے۔

August 14, 2021

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara

روزنامہ راشٹریہ سہارا

RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW

PAGE-5

انٹیگرل یونیورسٹی میں 'رن فار انڈیا' پروگرام

لکھنؤ (پریس ریلیز)

انٹیگرل یونیورسٹی نے مادر وطن کی 75ویں جشن آزادی کے قومی جشن" آزادی کا امرت مہوتسو" کے ضمن میں پروگرام" رن فار انڈیا: فٹ انڈیا فریڈم رن 2.0" بڑے فخر و جوش کے ساتھ منایا۔ آج جمعہ کی شام 4:15 بجے یونیورسٹی کے میدان میں" رن فار انڈیا: فٹ انڈیا فریڈم رن 2.0" کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس دوڑ کا آغاز انٹیگرل یونیورسٹی کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے جھنڈا لہرا کر کیا جس میں پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر جاوید مسرت نیز جملہ ڈینز، ڈائریکٹرس اور اساتذہ وطلبہ کے ساتھ اراکین وعملہ نے پورے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی اور مادر وطن سے محبت و یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر طلبہ مختلف قسم کے پروگرام کا انعقاد کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ 14 راگست کو قومی سطح کے کوئز وزارت برائے سیاحت اور ایسوی ایشن آف انڈین یونیورسٹیز مشترکہ طور پر منعقد کررہے ہیں۔

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

August 17, 2021

انقلاب

INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبال)

CENTRAL LIBRARY
INTEGRAL UNIVERSITY

PAGE-2

انٹیگرل یونیورسٹی کیمپس میں یوم آزادی پر یونیورسٹی
کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے پرچم کشائی کی۔اس موقع پر
سید وسیم اختر نے حاضرین سے خطاب میں ہندوستان کے عظیم مجاہدین
آزادی کا تذکرہ کیا۔انہوں نے کووڈ-۱۹ عالمی وبا کے دوران انٹیگرل
اسپتال کے ڈاکٹروں اور عملہ کی جانفشانی اور انسانی جذبہ اور متاثرین کے تئیں
ان کی حسن کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا۔خاص

طور سے سید سفیان عباسی کا ذکر کیا جنہوں نے اس پرآشوب دور میں اپنی
جدو جہد اور کاوشوں سے اسپتال میں آکسیجن ودیگر خدمات میں کسی قسم کی
کمی واقع نہیں ہونے دی۔اس موقع پر یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید
ندیم اختر نے تمام اہل وطن کو آزادی کی نیک خواہشات پیش کیں۔وائس
چانسلر پروفیسر جاوید مسرت نے آزادی کی جدو جہد میں لکھنؤ کے اہم کردار
اور کاکوری واقعہ پر روشنی ڈالی۔رجسٹرار ڈاکٹر شاہد علی کے علاوہ ڈین ریسرچ
اینڈ ڈیولپمنٹ، پروفیسر وہاج الحق نے بھی اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

NEWS CLIPPING SERVICE
Central Library
Integral University Lucknow

August 17, 2021

Hindustan Times

PAGE-2

August 18, 2021

LUCKNOW, WEDNESDAY AUGUST 18 2021; PAGES 12

the pioneer

PAGE-4

'India, Malawi need to enhance ties'

Lucknow (PNS): A talk on Africa-India Relations by George Mkondiwa, the High Commissioner of Malawi to India, was organised by Integral University on Tuesday. The event was attended by Pro-Chancellor Dr Syed Nadeem Akhtar, Vice-Chancellor Prof Javed Musarrat, George Mkondiwa, and Alfred Vilili, Counsellor Trade, and others.

High Commissioner of Malawi to India George Mkondiwa at Integral University

Africa-India relations are deeply rooted, which always served and will serve as a solid foundation for the development and strengthening of bilateral cooperation in the political, economic, cultural, and humanitarian spheres between both the countries, Akhtar said.

Mkondiwa said more than 10,000 students from Malawi are currently studying in India and the two countries need to enhance their relationship. He also appreciated India for helping Africa during Covid times by providing almost 50,000 vaccines.

NEWS CLIPPING SERVICE
Central Library
Integral University Lucknow

August 18, 2021

انقلاب
THE INQUILAB
قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبال)

CENTRAL LIBRARY
INTEGRAL UNIVERSITY LKO

PAGE-2

انٹگرل یونیورسٹی میں ملاوی ہائی کمشنر کے ساتھ اعلیٰ سطحی میٹنگ

لکھنؤ (آئی این این): انٹگرل یونیورسٹی نے ہندوستان میں ملاوی ہائی کمشنر جارج ایم کونڈیوا کے ساتھ بھارت افریقہ تعلقات کے سلسلے میں ایک اعلیٰ میٹنگ کا اہتمام کیا۔

اس موقع پر یونیورسٹی کے پروچانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے کہا کہ افریقہ اور ہندوستان کے تعلقات ہمیشہ سے بہت گہرے رہے ہیں۔ جو دونوں ملکوں کے درمیان سیاسی، اقتصادی وثقافتی شعبوں میں دوطرفہ ترقی کیلئے کام کرتے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی اسی طرح قائم رہیں گے۔ ملاوی ہائی کمشنر مسٹر جارج میکوندیوا نے کہا کہ ملاوی کے دس ہزار سے زائد طلباء اس وقت ہندوستان میں زیر تعلیم ہیں۔ انہوں نے ہندوستان کی جانب سے افریقہ کو کووڈ-۱۹ کی تقریباً پچاس ہزار ویکسین فراہم کرنے کے اقدام کی ستائش کی۔ اس موقع پر انٹگرل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت، پرووائس چانسلر پروفیسر عقیل احمد، رجسٹرار ڈاکٹر شاہد علی خان، الفریڈ ولیلی سمیت دیگر اراکین و یونیورسٹی کے اعلیٰ حکام موجود رہے۔

انٹگرل یونیورسٹی میں ملاوی ہائی کمشنر کے ساتھ دیگر حکام

August 18, 2021

روزنامہ
آگ
اخبار آپ کا
DAILY AAG LUCKNOW

PAGE-9

انٹگرل یونیورسٹی میں ملاوی ہائی کمشنر کی آمد

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی نے ہندوستان میں ملاوی ہائی کمشنر جارج ایم کو نڈیوا کے ساتھ ہند افریقہ تعلقات کے سلسلے میں ایک اعلیٰ نشست کا اہتمام کیا۔ تقریب میں انٹگرل یونیورسٹی کے پروچانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت، محترم جارج میکونڈیوا، اور الفریڈ ویلیلی، کونسلر ٹریڈ، پرووائس چانسلر پروفیسر عقیل احمد، رجسٹرار ڈاکٹر شاہد علی خان، کے علاوہ دیگر اراکین و یونیورسٹی کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر انٹگرل یونیورسٹی کے پروچانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے کہا کہ افریقہ اور ہندوستان کے تعلقات ہمیشہ سے بہت گہرے رہے ہیں جو دونوں ملکوں کے درمیان سیاسی، اقتصادی، انسانی و ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ ترقی کیلئے کام کرتے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی اسی طرح قائم رہیں گے۔ ملاوی ہائی کمشنر مسٹر جارج میکونڈیوا نے کہا کہ ملاوی کے دس ہزار سے زائد طلباء اس وقت ہندوستان میں زیر تعلیم ہیں اور ہمیں ہندوستان اور ملاوی کے درمیان تعلقات کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ہندوستان کی جانب سے افریقہ کو کوویڈ-۱۹ کی تقریباً پچاس ہزار ویکسین فراہم کرنے کے اقدام کی ستائش کی۔

Frequency: Daily

August 18, 2021

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara

روزنامہ راشٹریہ سہارا

RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW

PAGE-5

ہند-افریقہ تعلقات کے سلسلے میں تقریب

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹیگرل یونیورسٹی نے ہندوستان میں ملاوی ہائی کمشنر جارج میکوندیوا کے ساتھ ہند-افریقہ تعلقات کے سلسلے میں ایک تقریب کا اہتمام کیا۔ اس تقریب میں انٹیگرل یونیورسٹی کے پروچانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت، جارج میکوندیوا، الفریڈ ولیلی، کونسلر ٹریڈ، پرو وائس چانسلر پروفیسر عقیل احمد، رجسٹرار ڈاکٹر شاہد علی خان کے علاوہ دیگر اراکین و یونیورسٹی کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر انٹیگرل یونیورسٹی کے پروچانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے کہا کہ افریقہ اور ہندوستان کے تعلقات ہمیشہ سے بہت گہرے رہے ہیں جو دونوں ملکوں کے درمیان سیاسی، اقتصادی، انسانی و ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ ترقی کے لئے کام کرتے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی اسی طرح قائم رہیں گے۔ ملاوی ہائی کمشنر جارج میکوندیوا نے کہا کہ ملاوی کے 10 ہزار سے زائد طلباء اس وقت ہندوستان میں زیر تعلیم ہیں اور ہمیں ہندوستان اور ملاوی کے درمیان تعلقات کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے ہندوستان کی جانب سے افریقہ کو کووڈ-19 کی تقریباً 50 ہزار ویکسین فراہم کرنے کے اقدام کی ستائش کی۔ اس تقریب کا آغاز صبح 11 بجے سے شروع ہو کر 12:30 بجے اختتام پذیر ہوا۔

August 20, 2021

LUCKNOW, FRIDAY AUGUST 20 2021
the pioneer
PAGE-3

ENVOY BUDIRIGANYA AT INTEGRAL UNIV

Integral University welcomed Stella Budiriganya, Ambassador of the Republic of Burundi, at its campus. There were a series of events for two days to felicitate her.

The event was attended by Pro-Chancellor Dr Syed Nadeem Akhtar, Vice Chancellor Prof. Javed Musarrat, Dr Nilanjan Mukherji, Gazali Sami, Pro-Vice Chancellor Prof Aquil Ahmad, Registrar, Dr. Shahid Ali Khan, and other higher officials of Integral University. Speaking on the occasion, Stella Budiriganya said, "Integral University owns an incredible intellectual resource and it is reassuring to witness that the Indian students are taking a profound interest in learning and innovation."

She invited the Indians to give Burundi a visit.

Pro-Chancellor Dr Nadeem Akhtar advised the Integral University officials to identify more areas in the field of science, technology, and arts where Burundi and Integral University could work hand in hand to make influential contributions to the entire globe. The event mainly focused on cultural, economic, and social similarities between the two countries.

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

August 20, 2021

روزنامہ راشٹریہ سہارا
RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW

PAGE-5

انٹیگرل یونیورسٹی میں جمہوریہ برنڈی کی ہائی کمشنر برائے ہند کے اعزاز میں نشست

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹیگرل یونیورسٹی کے مرکزی آڈیٹوریم میں جمہوریہ برنڈی کی سفیر برائے ہندوستان کی آمد پر ایک اعلیٰ سطحی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں انٹیگرل یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت جملہ فیکلٹی کے ڈین اور ہیڈ کے علاوہ اساتذہ و برنڈی کے طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے اپنے استقبالیہ کلمات میں لکھنؤ کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس شہر کو اپنی مخصوص تہذیب وثقافت اور علوم وفنون کی وجہ سے دنیا میں ایک خاص مقام حاصل ہے اور اپنی تہذیبی روایات اور شیریں زبان کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔ آزادیٔ ہند میں لکھنؤ کے کردار کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آزادی کی جنگ میں اس شہر کی ناقابل فراموش خدمات رہی ہیں۔ ڈاکٹر ندیم نے یونورسٹی کی اہم سرگرمیوں کا اجمالی خاکہ پیش کیا۔ وائس چانسلر جاوید مسرت نے انٹیگرل یونیورسٹی کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔ غزالی سمیع نے مہمان خصوصی کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔ اسٹیلا بودریگانیا نے حاضرین کو جمہوریہ برنڈی اور ہندوستان کے تعلقات کے بارے میں بتایا کہ دونوں ممالک کے درمیان سیکڑوں سال سے تجارتی تعلقات قائم ہیں۔ انھوں نے کہا کہ شہد اور دودھ یہاں کی خاص پیداوار ہیں۔ اس کے علاوہ ہیرے، یورینیم اور پٹرول بھی وافر مقدار میں موجود ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان کے سرمایہ داروں کے لئے ہمارے ملک کے دروازے ہمیشہ کھلے ہوئے ہیں۔ اس موقع پر پرو چانسلر سید ندیم اختر نے اسٹیلا بودریگانیا کو ایک مومنٹو بھی پیش کیا۔ تقریب کا اختتام دونوں ملکوں کے قومی ترانے پر ہوا۔

PAGE-10

इंटीग्रल विवि अविश्वसनीय बौद्धिक संसाधन का मालिक : स्टेला

लखनऊ। पूर्वी अफ्रीकी देश बुरूंडी की राजदूत स्टेला बुदिरिगन्या ने बुधवार को इंटीग्रल विश्वविद्यालय का दौरा किया। विवि पहुंचने पर प्रो चांसलर सैयद नदीम अख्तर, कुलपति, प्रो. जावेद मसर्रत, डॉ. नीलांजन मुखर्जी, गजाली शमी, प्रो-वाइस चांसलर, प्रो. अकील अहमद, रजिस्ट्रार प्रो. शाहिद अली खान आदि ने राजदूत का स्वागत किया। स्टेला ने कहा कि इंटीग्रल विवि अविश्वसनीय बौद्धिक संसाधन का मालिक है और यह देखकर संतोष होता है कि भारतीय छात्र सीखने और नवाचार में गहरी रुचि ले रहे हैं। उन्होंने भारतीयों को बुरूंडी की यात्रा के लिए आमंत्रित किया। इस दौरान दोनों देशों के बीच सांस्कृतिक, आर्थिक और सामाजिक समानताओं पर भी ध्यान केंद्रित किया गया।

August 20, 2021

DAILY AAG LUCKNOW

PAGE-9

انٹیگرل میں برنڈی کی ہائی کمشنر کے اعزاز میں تقریب

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی کے مرکزی آڈیٹوریم میں جمہوریہ برنڈی کی سفیر برائے ہندوستان کی آمد پر ایک اعلیٰ سطحی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں انٹگرل یورسٹی کے پروچانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت جملہ فیکلٹی کے سربراہوں کے علاوہ اساتذہ اور برنڈی کے طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ ڈاکٹر سید ندیم اختر نے اپنے استقبالیہ کلمات میں لکھنؤ کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس شہر کو اپنی مخصوص تہذیب وثقافت اور علوم وفنون کی وجہ سے دنیا میں ایک خاص مقام حاصل ہے اور اپنی تہذیبی روایات اور شریں زبان کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے حاضرین کو جمہوریہ برندی کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ یہ ایک خوبصورت افریقی ملک ہے جہاں نوجوانوں

کی شرح پچاس فیصد سے زیادہ ہے نیز ڈاکٹر ندیم نے یونورسٹی کی اہم سرگرمیوں کا اجمالی خاکہ پیش کیا۔ وائس چانسلر جاوید مسرت نے انٹگرل یونیورسٹی کا تفصیلی تعارف پیش کیا انہوں نے بتایا کہ انٹگرل یونیورٹی میں دوسو سے زیادہ کورسیز ہیں اس کے مختلف شعبوں میں ۲۳ ممالک کے تقریبا دوسو سے زیادہ طلباء زیر تعلیم ہیں۔ غزالی سمیع نے مہمان خصوصی کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔ محترمہ اسٹیلا بودیر نگانیا نے حاضرین کو جمہوریہ برنڈی اور ہندوستان کے تعلقات کے بارے میں بتایا کہ دونوں ممالک کے درمیان سیکڑوں سال سے تجارتی تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہد اور دودھ یہاں کی خاص پیداوار، ہیں اس کے علاوہ ہیرے، یورنیم اور پٹرول بھی وافر مقدار میں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے سرمایہ داروں کے لئے ہمارے ملک کے دروازے ہمیشہ کھلے ہوئے ہیں۔ اس موقع پر پروچانسلر سید ندیم اختر نے محترمہ اسٹیلا بودیر نگانیا کو ایک مومنٹو بھی پیش کیا۔ تقریب کا اختتام دونوں ملکوں کے قومی ترانے پر ہوا۔

August 24, 2021

روزنامہ راشٹریہ سہارا
PAGE-5

قرآن کریم میں 'سیروفی الارض' کہہ کر سفر کی ترغیب دی گئی ہے

اسلامک سنٹر آف انڈیا میں ہوا 'میرے سفر بھی کیا سفر' کا اجرا

لکھنؤ (ایس این بی)

حیات انسانی میں سفر کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس کے ذریعہ انسان اپنی زندگی سنوارنے اور مرتب کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مشہور مقولہ ہے "سفر وسیلہ ظفر" یعنی: سفر کامیابی کا ذریعہ ہے۔ قرآن کریم میں "سیروفی الارض" کہہ کر سفر کی ترغیب دی گئی ہے۔ انبیائے کرام حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ کے اسفار، خاتم الانبیاء رحمۃ للعالمین کے آسمانی سفر واقعہ 'معراج' کا نہایت حسین انداز میں بیان ہے۔ ان خیالات کا اظہار امام عیدگاہ مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے دارالعلوم فاروقیہ کے ناظم اعلیٰ مولانا عبدالعلی فاروقی کی نئی کتاب 'میرے سفر بھی کیا سفر' کی تقریب رسم اجراء میں کیا۔ اسلامک سینٹر آف انڈیا اور مولانا آزاد میموریل اکیڈمی کے اشتراک سے منعقد تقریب کی صدارت کررہے مولانا فرنگی محلی نے کہا کہ مسلمانوں میں سفرنامہ نگاری کی روایت بہت قدیم ہے۔ انہوں نے کتاب کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ اردو سفرناموں کی فہرست میں یہ حسین اضافہ ہے۔ مولانا موصوف نے وطن اور بیرون ملک کے اپنے دعوتی، علمی، ادبی، تاریخی، اصلاحی اور تبلیغی اسفار خاص طور پر "سفر حج" کا اچھے اسلوب میں تذکرہ کیا ہے۔

اس سے قبل تقریب کا آغاز ولید عبدالحلیم فاروقی نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ قمر سیتاپوری اور رفعت شیدا نے منظوم کلام پیش کیا۔ اس موقع پر بزم اردو سیتاپور کی جانب سے مولانا عبدالعلی فاروقی کو "افتخار ادب" کا ایوارڈ دیا گیا۔ مولانا معاویہ فاروقی نے مولانا رفیق قاسمی کا تجزیہ نامہ پڑھا اور مہمانوں کا استقبال کیا۔ انٹیگرل یونیورسٹی کے چانسلر ڈاکٹر سید وسیم اختر نے مولانا کی کتابوں کے مطالعے میں اپنے اسفار ہم آہنگ کرتے ہوئے حرم شریف اور مدینہ منورہ کے کئی واقعات بیان کئے۔ جمعیۃ علمائے ہند کے ریاستی جنرل سکریٹری مولانا حکیم الدین قاسمی نے اصلاح معاشرہ پر کہا کہ میں اپنے بیٹے کے نکاح سے ابھی لوٹا ہوں اور دلچسپ بات یہ ہے کہ بارات میں صرف میرا بیٹا اور میں شریک تھا اس کے علاوہ اور کوئی تیسرا نہیں تھا۔ مولانا عبدالعلی فاروقی نے مولانا خالد رشید فرنگی محلی اور ڈاکٹر عبدالقدوس ہاشمی کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ اس دور میں اس قسم کی علمی و ادبی محفلیں عنقا ہوگئی ہیں۔ خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری کے سجادہ نشین ضیاء میاں نے کہا کہ صاحب کتاب سے ان کے بہت دیرینہ تعلقات ہیں اور دونوں خانوادے ایک دوسرے سے علمی استفادہ کرتے رہے ہیں۔ تقریب میں احمد ابراہیم علوی، مست حفیظ رحمانی نے اظہار خیال کیا۔ نظامت مولانا آزاد اکیڈمی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر عبدالقدوس ہاشمی نے کی۔ تقریب میں بڑی تعداد میں متعلقین نے شرکت کی۔

سپا سینک سیل کی ریاستی مجلس عاملہ تشکیل

لکھنؤ (ایس این بی)

سماج وادی پارٹی (سپا) کی سماج وادی سینک سیل کی 31 رکنی ریاستی مجلس عاملہ کو سپا کے ریاستی صدر نریش اتم پٹیل نے منظور کیا ہے۔ سینک سیل کے ریاستی صدر کرنل شرد سرن (فرخ آباد) بنے ہیں۔ ان کے ساتھ ہی گروپ کیپٹن راجندر کمار (کانپور) نائب صدر اور امریش سنگھ (لکھنؤ) خازن کے علاوہ 8 ریاستی سکریٹری بنائے گئے ہیں۔ سماج وادی سینک سیل کی ریاستی مجلس عاملہ میں 19 ممبران اور رام بہادر سنگھ (فتح پور) خصوصی مدعو ممبر بنائے گئے ہیں۔

August 24, 2021

PAGE-9

اسلامک سینٹر میں مولانا عبدالعلی فاروقی کی تازہ تصنیف "میرے سفر بھی کیا سفر؟" کی رسم رونمائی

لکھنؤ (پریس ریلیز) اسلامک سنٹر آف انڈیا اور مولانا آزاد میموریل اکیڈمی کی جانب سے اسلامک سنٹر آف انڈیا میں مولانا عبدالعلی فاروقی ناظم اعلی دارالعلوم فاروقیہ کاکوری کی تصنیف "میرے سفر بھی کیا سفر؟" کی تقریب رسم اجرا زیر صدارت امام عیدگاہ لکھنؤ مولانا خالد رشید فرنگی محلی منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں انٹگرل یونی ورسٹی کے چانسلر ڈاکٹر سید وسیم اختر، جمعیۃ علماء کے ریاستی جنرل سکریٹری مولانا حکیم الدین قاسمی، خانقاہ کاظمیہ قلندریہ تکیہ شریف کاکوری کے سجادہ نشین عین الحید رضیا میاں، سینئر صحافی احمد ابراہیم علوی، مشہور شاعر اور بزم اردو کے صدر مست حفیظ رحمانی نے اظہار خیال کیا۔ تقریب کی نظامت مولانا آزاد میموریل اکیڈمی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر عبدالقدوس ہاشمی نے کی۔ تقریب کا آغاز ولید عبدالحلیم فاروقی اور عبدالحلیم فاروقی کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا اور قمر سیتاپوری اور رفعت شیدا نے کلام کیا۔ اس موقع پر بزم اردو سیتاپور کی جانب سے مصنف کتاب مولانا عبدالعلی فاروقی کو "افتخار ادب" کا ایوارڈ دیا گیا۔ مولانا معاویہ فاروقی نے مولانا رفیق قاسمی کا تجربہ نامہ پڑھا اور مہمانوں کا استقبال کیا۔ تقریب کی صدارت کرتے ہوئے امام عیدگاہ و قاضی شہر لکھنؤ مولانا خالد رشید فرنگی محلی چیرمین اسلامک سنٹر آف انڈیا نے کہا کہ حیات انسانی میں سفر کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس کے ذریعے انسان اپنی زندگی سنوارنے اور مرتب کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مشہور مقولہ ہے "سفر وسیلہ ظفر" یعنی: سفر کامیابی کا ذریعہ ہے۔

مولانا فرنگی محلی نے کہا کہ مسلمانوں میں سفر نامہ نگاری کی روایت بہت قدیم ہے۔ مولانا خالد رشید نے مولانا عبدالعلی کی کتاب کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب اردو سفر ناموں کی فہرست میں حسین اضافہ ہے۔ اس میں مولانا موصوف نے وطن عزیز اور بیرون ملک کے اپنے دعوتی، علمی، ادبی، تاریخی، اصلاحی اور تبلیغی اسفار اور دوروں کا اچھے اسلوب میں تذکرہ کیا ہے۔ خاص طور پر "سفر حج" کا جس طرح بیان کیا ہے اس سے قارئین کی معلومات میں نہ صرف اضافہ ہوگا بلکہ ہم کو پوری امید ہے کہ ان کے اندر مقدس اسلامی مقامات کی زیارت خصوصاً حج کرنے کا شوق بڑھے گا۔ انٹگرل یونی ورسٹی کے چانسلر ڈاکٹر سید وسیم اختر نے مولانا کی کتابوں کے مطالعے میں اپنے اسفار کو ان کی تحریروں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے حرم شریف اور مدینہ منورہ کے کئی واقعات بیان کیے۔ انھوں نے کہا کہ مولانا عبدالعلی کی اس کتاب کو نئی نسل خصوصاً علماء حضرات کو مطالعہ کرنا چاہیے۔ جمعیۃ علمائے ہند کے ریاستی جنرل سکریٹری مولانا حکیم الدین قاسمی نے کہ ہمارے علماء نے جتنے اسفار اور رسول اکرمؐ کی اطاعت میں جتنے سفر کیے اور دینِ اسلام کی دعوت کو گاؤں گاؤں تک پہنچایا۔ سینئر صحافی احمد ابراہیم علوی نے کہا کہ سفر ناموں کی اہمیت جتنی یوروپی ممالک میں ہے اس طرح کا ذوق ہمارے ملک میں نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ مولانا عبدالعلی کی کتاب نے ہماری آنکھیں کھول دیں۔ صاحب کتاب مولانا عبدالعلی فاروقی نے اس ادبی وعلمی شاندار انعقاد کے لیے مولانا خالد رشید فرنگی محلی اور ڈاکٹر عبدالقدوس ہاشمی کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اس دور میں اس قسم کی اعلیٰ پیمانے کی علمی و ادبی محفلیں عنقا ہو گئی ہیں لیکن آج کی اس محفل سے اس بات کا اندازہ ہوا کہ آج بھی باذوق حضرات لکھنؤ میں موجود ہیں۔ انھوں نے اپنی کتاب کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ہر شر میں خیر کا پہلو بھی پوشیدہ ہوتا ہے۔ کورونا کی وجہ سے طویل عرصے تک گھر میں محدود رہنے کی وجہ سے اللہ نے یہ توفیق دی کہ اس کتاب کو تحریری شکل دوں۔ خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری کے سجادہ نشین ضیاء میاں نے کہا کہ صاحب کتاب سے ان کے بہت دیرینہ تعلقات ہیں اور دونوں خانوادے ایک دوسرے سے علمی استفادہ کرتے رہے ہیں۔ الحمدللہ یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ اس کتاب سے اہل علم حضرات کی معلومات میں اضافہ ہوگا۔ ڈاکٹر عبدالقدوس ہاشمی جنرل سکریٹری مولانا آزاد میموریل اکیڈمی نے اس کتاب پر اپنا تجزیاتی مقالہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب اس موضوع پر موجودہ دور کی ایک گراں قدر علمی، تجزیاتی اور تحقیقی تصنیف ہے، جس کا مطالعہ کرکے ہم لوگ مولانا کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

August 24, 2021

PAGE-2

انسانی زندگی میں سفر کو خاص اہمیت حاصل ہے: مولانا خالد رشید

اسلامک سینٹر میں 'میرے سفر بھی کیا سفر؟' کا اجرا، متعدد شعبہ حیات سے جڑیں اہم شخصیات کا خطاب

لکھنؤ (نامہ نگار): حیات انسانی میں سفر کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس کے ذریعے انسان اپنی زندگی سنوارنے اور مرتب کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مشہور مقولہ ہے 'سفر وسیلہ ظفر' یعنی سفر کامیابی کا ذریعہ ہے۔ قرآن کریم، احادیث شریف اور فقہی کتابوں میں سفر کے احکام وہدایات کا مفصل تذکرہ ہے۔ قرآن کریم کی کئی آیتوں میں 'سیروا فی الارض' کہہ کر سفر کی ترغیب دی گئی ہے۔ انبیائے کرام مثلاً حضرت ابراہیمؑ اور حضرت موسیٰؑ کے اسفار کا دلچسپ بیان آیا ہے۔ احادیث نبویؐ میں حصول علم اور دیگر ضرورتوں کی تکمیل کے لیے سفر کا تذکرہ ہے۔ مسلمانوں میں سفرنامہ نگاری کی روایت بہت قدیم ہے۔ یہ باتیں مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے کہیں۔ وہ مولانا آزاد میموریل اکیڈمی کی جانب سے اسلامک سینٹر آف انڈیا میں مولانا عبد العلی فاروقی ناظم اعلیٰ دار العلوم فاروقیہ کاکوری کی 'میرے سفر بھی کیا سفر؟' کی رسم اجرا تقریب سے بحیثیت صدر خطاب کر رہے تھے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انٹیگرل یونیورسٹی کے چانسلر ڈاکٹر سید وسیم اختر نے مولانا کی کتابوں کے مطالعے میں اپنے اسفار کو ان کی تحریروں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے حرم شریف اور مدینہ منورہ کے کئی واقعات بیان کئے۔ جمعیۃ علمائے ہند کے ریاستی جنرل سکریٹری مولانا حکیم الدین قاسمی نے کہا کہ ہمارے علماء نے جتنے اسفار اور رسول اکرمؐ کی اطاعت میں جتنے سفر کئے اور دینی اسلام کی دعوت کو گاؤں گاؤں تک پہنچایا۔ سینئر صحافی احمد ابراہیم علوی نے کہا کہ سفر ناموں کی اہمیت جتنی یورپ ممالک میں ہے اس طرح کا ذوق ہمارے ملک میں نہیں ہے۔ اس کے علاوہ خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری کے سجادہ نشین ضیاء میاں، شاعر اور بزم اردو کے صدر مست حفیظ رحمانی اور ڈاکٹر عبد القدوس ہاشمی نے بھی خطاب کیا۔

تقریب کی نظامت مولانا آزاد میموریل اکیڈمی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر عبد القدوس ہاشمی نے کی۔ تقریب کا آغاز ولید عبد الحلیم فاروقی اور عبد الحلیم فاروقی کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ قمر سیتاپوری اور رفعت شیدا نے کلام پیش کیا۔ اس موقع پر بزم اردو سیتاپور کی جانب سے مصنف کتاب مولانا عبد العلی فاروقی کو "افتخار ادب" کا ایوارڈ دیا گیا۔ مولانا معاویہ فاروقی نے مولانا رفیق قاسمی کا تجزیہ نامہ پڑھا اور مہمانوں کا استقبال کیا۔

sunday pioneer

PAGE-4

High Commissioner of Nigeria welcomed at IU

Lucknow (PNS): Integral University welcomed the High Commissioner of Nigeria, Ahmed Sule on Saturday. There were several events, including a welcome ceremony, cultural progamme, a tour of Integral University, Integral Institute of Medical Sciences and Research, and interactive session with Nigerian students. The High Commissioner delivered a talk on Nigeria-India relations.

Sule said India initiated cordial relations with Nigeria in 1958. He pointed out that more than 135 Indian companies are functioning in Nigeria.

"People back home thoroughly enjoy Indian cuisine, movies, culture and traditions, which proves the popularity of India in the hearts of Nigeria," said Sule, who requested the Nigerian students at Integral University to abide by Indian laws, rules & regulations, and value its traditions.

Pro-Chancellor, Integral University, Dr Syed Nadeem Akhtar stressed on the importance of diversity everywhere, particularly at educational institutions because that is the grassroots level of building good human beings.

Vice-Chancellor Prof Javed Musarrat gave the concluding remarks. He said Integral University is committed to providing quality education, skill development facilities and a quality environment so that when foreign students go back to their respective nations, they carry the flag of the university.

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

August 29, 2021

SUNDAY | 29.08.2021

अमर उजाला

PAGE-5

भारतीय व्यंजनों के मुरीद हैं नाइजीरिया के लोग

राजदूत के साथ दल ने इंटीग्रल विवि का किया भ्रमण

लखनऊ। नाइजीरिया के भारत स्थित राजदूत अहमद सुले शनिवार को दो दिवसीय भ्रमण के सिलसिले में इंटीग्रल विश्वविद्यालय पहुंचे। इस दौरान उन्होंने अपने दल के साथ इंटीग्रल इंस्टीट्यूट ऑफ मेडिकल साइंसेज एंड रिसर्च का निरीक्षण किया और छात्रो के साथ विज्ञान, अनुसंधान एवं इन्टरैक्टिव सत्र भी आयोजित किया गया। सुले ने बताया कि भारत ने 1958 में नाइजीरिया के साथ सौहार्दपूर्ण संबंध स्थापित किए। नाइजीरिया में 135 से अधिक भारतीय कंपनियां काम कर रही हैं। वहां की जनता भारतीय व्यंजनों, फिल्मों, संस्कृतियों और परंपराओं का पूरा आनंद लेती है। नाइजीरिया के लोगों के दिलों में भारतीयता का एक प्रमुख स्थान है। सुले ने इंटीग्रल यूनीवर्सिटी में पढ़ रहे नाइजीरियाई छात्र-छात्राओं से पूरे मनोयोग से भारतीय कानूनों व नियम परिनियमों का पालन व सम्मान करने का अनुरोध किया। कार्यक्रम में प्रति-कुलाधिपति डॉ. एसएन अख्तर, कुलपति प्रो. जावेद मसर्रत, प्रति-कुलपति प्रो. अकील अहमद, कुलसचिव प्रो. शाहिद अली खान आदि उपस्थित थे। (माई सिटी रिपोर्टर)

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

August 29, 2021

PAGE-9

نائیجیریا کے سفیر برائے ہند احمد سولے کی انٹگرل یونیورسٹی میں آمد

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی میں نائیجیریا کے سفیر برائے ہند احمد سولے کی آمد پر ایک استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ احمد سولے اپنے دوروز کے دورے پر کل انٹگرل یونیورسٹی آئے انہوں یہاں پر مختلف تہذیبی و ثقافتی تقریبات میں شرکت کی۔ خاص طور سے انٹگرل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل کے طلباء کے ساتھ سائنس، تحقیق اور باہمی معلومات پر مشتمل ایک نشست میں طلباء تفصیلی گفت وشنید کا انعقاد کیا گیا۔ احمد سولے نے نائیجیریا اور ہندوستان کے تعلقات اور دونوں ملکوں کے درمیان روابط کے سلسلے میں استقبالیہ تقریب میں تقریر کی جس میں انہوں نے بتایا کہ ۱۹۵۸ میں ہندوستان نائیجیریا کے مابین خوشگوار تعلقات کا آغاز ہوا تھا۔ نائیجیریائی عوام ہندوستانی کھانوں۔ فلموں، ثقافت اور روایات سے پوری طرح لطف اندوز ہوتے ہیں اس طرح نائیجیریا کے عوام کے دلوں میں ہندوستان کی مقبولیت میں اضافہ ہوتا جارہے۔ جناب سولے نے انٹگرل یونیورسٹی میں زیر تعلیم نائیجیریائی طلباء سے درخواست کی کہ وہ اپنے قیام کے دوران یونیورسٹی کے قانون اور نظم وضبط کی مکمل پابندی کریں اور ہندوستان کے قواعد وضوابط کا احترام کرتے ہوئے یہاں کی روایات کا لحاظ رکھتے ہوئے مثالی طالب علم کی طرح اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں منہمک ہوکر اپنی تعلیم پر توجہ دیں۔ یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے اپنے استقبالیہ کلمات میں کہا کہ انٹگرل یونیورسٹی نے ہر جگہ اور خاص طور پر تعلیمی اداروں میں تنوع کی اہمیت پر زور دیا کیونکہ یہ اچھے انسانوں کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت نے افتتاحی کلمات پیش کیے جس میں انہوں نے بتایا کہ یونیورسٹی معیاری تعلیم، ہنرمندی کی سہولیات اور معیاری ماحول فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے تاکہ جب غیر ملکی طلباء اپنے ملک واپس جائیں تو وہاں پر یونیورسٹی کا نام روشن ہو سکے۔ تقریب میں انٹگرل یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت، پرو وائس چانسلر پروفیسر عقیل احمد، رجسٹرار، ڈاکٹر شاہد علی خان ڈاکٹر نیلانجن مکھرجی، غزالی سمیع اور یونیورسٹی کے تمام فیکلٹی اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

September 7, 2021

PAGE-4

'کورونا کے ساتھ ٹائیفائیڈ اور ڈینگو بخار سے تحفظ کی تدابیر بھی اختیار کی جائیں'

اسلامک سینٹر آف انڈیا کی کووڈ ریلیف کمیٹی کی میٹنگ سے مقررین کا خطاب، انٹیگرل یونیورسٹی میں لیکوڈ آکسیجن ٹینک کی تعمیر مکمل

لکھنؤ (پریس ریلیز) اسلامک سینٹر آف انڈیا کی کووڈ ریلیف کمیٹی کی ایک میٹنگ انٹیگرل یونیورسٹی لکھنؤ کے بانی وچانسلر پروفیسر سید وسیم اختر کی صدارت میں ہوئی۔ مہمانوں کا استقبال یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے کیا۔ میٹنگ کو مولانا خالد رشید فرنگی محلی امام عیدگاہ و قاضی شہر لکھنؤ، پروفیسر عباس مہدی، آفتاب احمد سابق ڈی آئی جی، پروین طلحہ، پروفیسر ظفر ادریس اور سید محمد شعیب نے خطاب کیا۔ کمیٹی کے کنوینر نجم الدین احمد فاروقی نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔

صدر جلسہ پروفیسر سید وسیم اختر نے کہا کہ جس طرح سے اسلامک سینٹر کی کووڈ ریلیف کمیٹی نے کام کیا ہے اس سے ملت کی خدمت کے لئے ایک نیا حوصلہ پیدا ہوا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ انھوں نے بچوں اور نوجوانوں سے اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم اور ووکیشنل ٹریننگ حاصل کرنے کے لیے کہا جس سے زیادہ سے زیادہ لوگ مدد لینے والے نہیں بلکہ مدد دینے والے بن سکیں۔

افتتاحی خطاب میں مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے کووڈ کے دوران کمیٹی کے ذریعہ کی گئی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کثیر تعداد میں ضرورت مندوں میں کووڈ سے متعلق دوائیں، راشن اور فوڈ پیکٹ تقسیم کیے گئے اور اسی کے ساتھ ساتھ ڈاکٹرس آن لائن کنسلٹیشن سروس سے بھی ہزاروں لوگ مستفید ہوئے۔

کووڈ ریلیف کمیٹی کی میٹنگ کا منظر۔

تدفین ہیلپ لائن کے ذریعہ بھی بڑے پیمانے پر خدمات انجام دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی کے ساتھ ساتھ ویکسینیشن کے ذریعہ بھی کمیٹی بڑے پیمانہ پر عوام کو اس مرض سے تحفظ کی خدمات انجام دے رہی ہے۔

اس موقع پر انہوں نے انٹیگرل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس اینڈ ریسرچ کے ذریعہ لیکوڈ آکسیجن ٹینک کی تعمیر پر یونیورسٹی کے ذمہ داروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس سہولت سے اب یہاں مریضوں کو آکسیجن کی کمی نہیں ہوگی۔

پروفیسر عباس مہدی نے اسلامک سینٹر آف انڈیا اور انٹیگرل یونیورسٹی کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ کووڈ کی تیسری لہر کے خطرہ کو دیکھتے ہوئے ہمیں تمام احتیاطی تدابیر کو اختیار کرتے رہنا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ٹائیفائڈ ڈینگو بخار جو کہ تیزی سے پھیل رہا ہے اس پر تحفظ کی تدابیر اختیار کرنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بخار ان لوگوں کو ہوتا ہے جن میں سیڈیئیم کی کمی ہوتی ہے اس کو دور کرنے کے لئے ہمیں بکری کے دودھ کا استعمال کرنا چاہئے۔

پروفیسر ظفر ادریس نے غریبوں کے علاج کے لئے حکومت کے ذریعہ چلائی جارہی مختلف اسکیموں سے غریبوں کو فائدہ پہنچانے پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ آفتاب احمد اور پروین طلحہ نے مساجد کے ذریعہ عوام میں مختلف سرکاری اسکیموں کے متعلق معلومات فراہم کرنے پر زور دیا۔ کووڈ ریلیف کمیٹی کے کنوینر نجم الدین احمد فاروقی نے ویکسین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس مرض سے سب لوگ اسی وقت محفوظ رہ سکتے ہیں جبکہ سو فیصد ویکسین مکمل ہو جائے۔

میٹنگ کے اوپن سیشن میں ڈاکٹر فوزان اختر نے یونیورسٹی میں تعمیر کیے گئے لیکوڈ آکسیجن ٹینک پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ مہمانوں کا شکریہ سید محمد شعیب نے ادا کیا۔ میٹنگ میں عاطف حنیف، شاہین اسلام، معراج حیدر، ڈاکٹر عبدالمعید، طارق خان، عبدالقدوس ہاشمی، محمد غفران، ڈاکٹر عامر جمال نے قیمتی مشورے دیے۔

Frequency: Daily

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

September 7, 2021

PAGE-9

کووڈ ریلیف کمیٹی کا دوسرا اجلاس انٹگرل یونیورسٹی میں منعقد

عالمی وبا کے تدارک کے مختلف پہلوئوں پر غور، مولانا خالد رشید کی فلاحی اسکیمیں عوام تک پہنچانے کی اپیل

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی کووڈ ریلیف کمیٹی کے دوسرے اجلاس کی میزبانی کی جس کی صدارت بانی وچانسلر انٹگرل یونیورسٹی پروفیسر سید وسیم اختر نے کی۔ اس اجلاس کا انعقاد نجم الدین احمد فاروقی کی جانب سے کیا گیا تھا اور مختلف شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والے 27 ممبران نے اس اجلاس میں شرکت کی۔ افتتاحی تقریر کے دوران مولانا خالد رشید فرنگی محلی چیئرمین سی آر سی اور اسلامک سنٹر آف انڈیا، عیدگاہ، عیش باغ نے سی آر سی ممبروں کی امداد کو عوام تک پہنچانے کی جرات مندانہ اور مخلصانہ کوششوں سے متعارف کرایا۔ انہوں نے بتایا کہ سی آر سی کا قیام ان کی طرف سے ہنگامی ردعمل کے طور پر کیا گیا تھا جس نے دوسری لہر کے دوران کووڈ کے مریضوں کو راحت پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ کووڈ کی تشخیص اور متعلقہ معلومات کو منظم طریقے سے جمع کرنے اور موثر انداز میں اس پر عمل کرنے کے لئے، صبح 8 بجے سے رات 10 بجے تک مفت مشاورت اور مفت نسخے فراہم کرنے میں۔ سی آر سی نے اہم رول ادا کیا۔ اس موقع پر مولانا خالد رشید نے کووڈ کے وبائی دور میں تقریباً 2000 کووڈ مریضوں کا 70 فیصد سے زیادہ صحت یابی کی شرح کے ساتھ کامیابی سے علاج کرنے کی انٹیگرل یونیورسٹی کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے 20 کلو لیٹر مائع آکسیجن ٹینک کی تنصیب کے لیے انٹیگرل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس اینڈ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ کی بے حد ستائش کی اور انہوں نے یونیورسٹی کے بانی وچانسلر پروفیسر سید وسیم اختر کو اس اہم اقدام کے لئے دلی مبارک باد پیش کی انہوں نے کہا یہ قدم قوم، ملک اور انسانیت کی فلاح کے لئے نہایت مستحسن عمل ہے۔ سی آر سی کی مسلسل کوششوں کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا کہ سوشل میڈیا کے ذریعہ خدمات کی تنوع میں اضافہ کیا جائے اور کیمونٹی کچن وغیرہ کو قائم کر کے دور دراز علاقوں میں کیمپ کے انعقاد کے ذریعے ان تک رسائی بڑھائی جائے۔ اس اہم اجلاس میں ممبران کو آیوشمان بھارت یوجنا اور پی ایم جن اروگیا یوجنا، جس نے ملک کے شہریوں کو وبائی امراض کے دوران طبی علاج سے نمٹنے میں بے حد مدد فراہم کی تھی ان اسکیموں کے بارے میں آگاہ کیا گیا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ ان اسکیموں کو غریبوں اور ضرورت مندوں تک پہنچایا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد حکومت کے منشاء کے مطابق فائدہ حاصل کر سکیں۔ اجلاس کا اختتام پروفیسر سید وسیم اختر، بانی وچانسلر، انٹیگرل یونیورسٹی کے صدارتی خطاب کے ساتھ ہوا۔ پروفیسر سید وسیم اختر نے لکھنؤ کے عیدگاہ کیمپس میں قائم سی آر سی کی ہمہ جہت کوششوں اور ویکسینیشن مہم کی تعریف کی اور امدادی سرگرمیوں کے علاوہ بیروزگار اور خط افلاس سے نیچے زندگی گزارنے والے نوجوانوں کو پیشہ ورانہ مہارت اور تربیت فراہم کرنے پر زور دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اسے حاصل کرنے کے بعد خود دوسروں کی مدد کرنے کے قابل بن سکیں۔

Frequency: Daily

September 7, 2021

PAGE-2

ڈاکٹر رادھا کرشنن اور مولانا آزاد کے نزدیک مذہب جوڑنے والی قوت: پروفیسر عین الحسن

حیدرآباد(یو این آئی) ڈاکٹر سروپلی رادھا کرشنن نے کہا تھا کہ مذہب لوگوں کو آپس میں جوڑنے والی قوت ہوتی ہے۔ مولانا ابوالکلام کا بھی مذہب کے متعلق یہی قول ہے۔ ڈاکٹر رادھا کرشنن اور مولانا ابوالکلام آزاد دونوں حسن اتفاق سے ایک ہی سال 1888 میں پیدا ہوئے۔ تعلیم وعلم کے میدان میں دونوں نے نمایاں خدمات انجام دیں۔ مولانا آزاد نے مسلمانوں کو قومی دھارے سے جوڑا اور ہندو مسلم اتحاد کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں۔ ملک آزاد ہونے کے بعد انہیں پہلا وزیر تعلیم بنایا گیا۔ مولانا آزاد کے نام پر اُردو یونیورسٹی کا قیام ہمارے لیے اور اردو سماج کے لیے ایک اعزاز ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر سروپلی رادھا کرشنن نے بھی تعلیم کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ ہندو فلسفہ کا گہرا مطالعہ کیا۔ بنارس ہندو یونیورسٹی کے وائس چانسلر بنے اور پہلے نائب صدر جمہوریہ پھر اور صدر جمہوریہ بنے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر شیخ عظیم الدین، سابق ڈین (ایجوکیشن)، انٹیگرل یونیورسٹی، لکھنؤ، نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں معاشرے میں تعلیم اور استاد کا کردار کے زیر عنوان آج یوم اساتذہ آن لائن لیکچر دیتے ہوئے کیا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔ پروفیسر عظیم نے مولانا آزاد یونیورسٹی کے اپنے دورے کا ذکر کیا اور کہا کہ مانو کے شعبے نہایت ہی کارکرد اور فعال ہیں۔

انہوں نے کہا کہ حالات کیسے بھی ہوجائیں لیکن اگر اساتذہ بہتر طور پر کام کرتے رہے تو حالات بہتر ہوجائیں گے۔ انہوں نے مختلف ماہرین کے اقوال کے ذریعہ تعلیم کی تعریف پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ معمار قوم ہوتے ہیں۔ آج کے اساتذہ اس منصب پر قائم رہنے کے لیے محنت کریں۔ قرآن کی ابتدا ہی تعلیم پر توجہ دلا کر ہوتی ہے۔ لیکن تعلیم صرف ڈگریوں کا حصول نہ ہو بلکہ اس سے لوگوں کو فائدہ پہنچانے کی کوشش ہو۔ حضور صلعم نے خود کو معلم قرار دیا ہے۔ محسن انسانیت حضرت محمدؐ کی اخلاقی تعلیمات سب سے بہترین ہیں۔ ان تعلیمات میں سلام کرنا، کھانا کھلانا، مصافحہ کرنا وغیرہ یہ سب بہترین اخلاق کا حصہ ہیں۔

NEWS CLIPPING SERVICE

Central Library

Integral University Lucknow

October 5, 2021

PAGE-9

’ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کا مستقبل‘ کے عنوان سے انٹگرل یونیورسٹی میں خصوصی پروگرام

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی کے مرکزی آڈیٹوریم میں ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کے عنوان پر ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں ریاستی کونسل برائے اعلیٰ تعلیمی کونسل کے چیرمین گریش چندرا ترپاٹھی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایسے ملک کی تعمیر میں لگے ہوئے ہیں جس میں نوجوانوں کا رول بہت اہمیت کا حامل ہے۔ ہمارے اندر ملک اور اہل وطن کے تئیں سچی محبت اور خدمت کا جذبہ ہونا چاہئے۔ انھوں نے تعلیم کی سچی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کا مقصد صرف روزی تلاش کرنا نہیں بلکہ سماج کی بنیادی ضرورتوں کو پورا کرنا بھی ہے۔ نیشنل ایجوکیشنل پالیسی کا مقصد یہ بھی ہے کہ سماج کے اندر اخلاقی اقدار کو پروان چڑھایا جائے۔ سماجی فلاح و بہبود کے بغیر تعلیم نامکمل ہے۔ تعلیم کا مقصد یہ بھی ہے کہ وہ زندگی سے جڑی ہوئی ہو اور زندگی کا مقصد پورا کرتی ہو اگر ایسا ہوگا تبھی نیشنل ایجوکیشنل پالیسی کا مقصد پورا ہوسکتا ہے۔ پروگرام کے آغاز میں انٹگرل یونیورسٹی کے وائس چانسلر جاوید مسرت نے اپنے استقبالیہ خطاب میں حاضرین کو جناب ترپاٹھی کی ہمہ جہت شخصیت سے متعارف کرایا۔ اس موقع پر انٹگرل یونیورسٹی کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر، پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر جاوید مسرت، پرو چانسلر عقیل احمد کے علاوہ تمام فیکلٹی کے ہیڈس، ڈینس اور اساتذہ کے علاوہ کثیر تعداد میں طلباء نے شرکت کی اس کے بعد طلباء سے ایک مختصر تعارفی ملاقات کے سیشن کا انعقاد ہوا جس میں انھوں نے طلباء سے روبرو ہوکر ان سے تبادلہ خیال کیا۔

Frequency: Daily

October 5, 2021

روزنامہ راشٹریہ سہارا
RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW
PAGE-5

ملک کی تعمیر میں طویل جدجہد اور مختلف عوامل کارفرما ہوتے ہیں: گریش چندر ترپاٹھی

”ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کا مستقبل“ عنوان سے انٹیگرل یونیورسٹی میں پروگرام

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی کے مرکزی آڈیٹوریم میں ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کے عنوان پر ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں ریاستی کونسل برائے اعلیٰ تعلیمی کونسل کے چیئرمین گریش چندرا ترپاٹھی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایسے ملک کی تعمیر میں لگے ہوئے ہیں جس میں نوجوانوں کا رول بہت اہمیت کا حامل ہے۔ ہمارے اندر ملک اور اہل وطن کے تئیں بھی محبت اور خدمت کا جذبہ ہونا چاہئے۔ انھوں نے تعلیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کا مقصد صرف روزی تلاش کرنا نہیں بلکہ سماج کی بنیادی ضرورتوں کو پورا کرنا بھی ہے۔ نیشنل ایجوکیشنل پالیسی کا مقصد یہ بھی ہے کہ سماج کے اندر اخلاقی اقدار کو پروان چڑھایا جائے۔ سماجی فلاح و بہبود کے بغیر تعلیم نامکمل ہے۔ تعلیم کا مقصد یہ بھی ہے کہ وہ زندگی سے جڑی ہوئی ہو اور زندگی کا مقصد پورا کرتی ہو اگر ایسا ہوگا تبھی نیشنل ایجوکیشنل پالیسی کا مقصد پورا ہوسکتا ہے۔

مسٹر ترپاٹھی نے انٹگرل یونیورسٹی کے بانی وچانسلر پروفیسر سید وسیم اختر کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ قابل مبارکباد ہیں کہ انھوں نے اتنی بڑی یونیورسٹی کو قائم کیا اور اب آنے والی نسلوں پر یہ فرض بنتا ہے کہ ان کے مقصد اور وژن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔

انھوں نے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہیں کہا کہ آج سے پچیس سال بعد کے ہندوستان کا انحصار آپ پر ہے آپ کے اوپر اپنے ملک اپنی فیملی اور سماج کے تئیں بہت بڑی ذمہ داری بنتی ہے اور آپ کو ہندوستان کے روشن مستقبل کا خاکہ تیار کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں چاہئے کہ ہم کچھ گاؤں کو گود لیں ان کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ تعلیم کا مقصد صرف اپنی ذات تک ہی محدود رہنا نہیں ہے بلکہ ہم نے جو کچھ حاصل کیا ہے اس کو اپنی آئندہ نسل تک پہنچانا بھی ہے۔

پروگرام کے آغاز میں انٹگرل یونیورسٹی کے وائس چانسلر جاوید مسرت نے اپنے استقبالیہ خطاب میں حاضرین کو مسٹر ترپاٹھی کی شخصیت سے متعارف کرایا۔

اس موقع پر انٹگرل یونیورسٹی کے بانی وچانسلر پروفیسر سید وسیم اختر، پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر جاوید مسرت، پرو چانسلر عقیل احمد کے علاوہ تمام فیکلٹی کے ہیڈس، ڈینس اور اساتذہ کے علاوہ کثیر تعداد میں طلباء نے شرکت کی اس کے بعد طلباء سے ایک مختصر تعارفی ملاقات کے سیشن کا انعقاد ہوا جس میں انھوں نے طلباء سے روبرو ہوکر ان سے تبادلہ خیال کیا۔

Frequency: Daily

NEWS CLIPPING SERVICE
Central Library
Integral University Lucknow

October 12, 2021

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW

PAGE-5

جمہوریہ گیمبیا کے ہائی کمشنر کی آمد پر استقبالیہ تقریب

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹیگرل یونیورسٹی میں جمہوریہ گیمبیا کے ہائی کمشنر مصطفیٰ جوارا کی آمد کے موقع پر منعقد استقبالیہ تقریب میں یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے حاضرین کو گیمبیا کے ہائی کمشنر کی ان کے اپنے ملک میں عظیم کامیابیوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتے ہوئے ان کا تعارف کرایا۔ اس کے بعد انٹیگرل یونیورسٹی اور انٹیگرل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز اینڈ ریسرچ میں ڈاکٹروں وطلباء سے ملاقات کرتے ہوئے مصطفیٰ جوارا نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ہند-گیمبیا کے دوطرفہ تعلقات پر روشنی ڈالی اور گیمبیا کے بارے میں تفصیلات پیش کیں۔ انھوں نے انٹیگرل یونیورسٹی کی تیزی سے بڑھتی مقبولیت پر خوشی کا اظہار کیا۔ مصطفیٰ جوارا نے ہندوستان اور انٹیگرل یونیورسٹی کے ساتھ اچھے تعلقات کے فروغ میں اضافہ کی اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر جاوید مسرت نے اپنی مختصر تقریر میں کہا کہ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ہم کس طرح دوطرفہ تعلقات میں مزید اضافہ کرسکتے ہیں۔ اس موقع پر انٹیگرل یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، وائس چانسلر مسرت جاوید، لامین سنگھات ڈپٹی ہیڈ آف مشن، پرووائس چانسلر پروفیسر عقیل احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر بیرونی تعلقات غزالی سمیع کے علاوہ یونیورسٹی کے رجسٹرار ڈاکٹر شاہد علی خان اور یونیورسٹی کے دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

روزنامہ آگ
اخبار آپ کا
DAILY AAG LUCKNOW

PAGE-9

انٹگرل یونیورسٹی میں جمہوریہ گیمبیا کے ہائی کمشنر کی آمد

لکھنؤ (پریس ریلیز) انٹگرل یونیورسٹی میں جمہوریہ گیمبیا کے ہائی کمشنر مصطفی جوارا کی آمد کے موقع پر منعقد استقبالیہ تقریب میں انٹگرل یونیورسٹی نے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے حاضرین سے گیمبیا کے ہائی کمشنر کی ان کے اپنے ملک میں عظیم کامیابیوں کے بارے میں تفصیلی



